08/06/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

پد یاترا

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں منعقدہ پد یاتراو

ں کے تحت سبھی بیس اضلاع کا احاطہ مکمل ہو گیا ہے ۔ منوج سنہا کی زیر قیادت پونچھ ۂ ضلعے میں ایک بڑی پد یاترا منعقد کی گئی جس میں مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کے خلاف اپنی پُختہ ارادی کا عزم ظاہر کیا ۔

اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے جموں کشمیر کو نارکو ٹیرر سے مکمل طور پر پاک بنانے کا عزم دہرایا ۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے پونچھ کے سرحدی گاو

ں ۂNangali کا دورہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرحدی دیہات ملک کی پہلی شناخت ہیں اور انہیں ترقی کے مرکزی دھارے میں لانا حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ سرحدی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے، روزگار اور فلاحی اسکیموں کی سو فیصد عمل آوری یقینی بنائی جائے گی۔

فِٹ انڈیا سنڈے

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے کہا ہے کہ سائیکلنگ سے
کرہ

ارض صاف ستھرا رہتا ہے اور اس سے ٹریفک جام کے بڑے مسئلے کا حل بھی فراہم ہوتا ہے۔

وزیر موصوف نے کل نئی دلی میں سائکل پر فِٹ انڈیا سنڈے کی قیادت کرتے ہوئے نوجوانوں سے کہاکہ وہ اس پہل میں شامل ہوں اور فٹ انڈیا کا نظریہ اپنائیں۔

دریں اثناءیوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمہ نے بانڈی پورہ میں اسی طرح کی ایک سائکل ریس کا انعقاد کیا ۔ اس دوڑ میں نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔

ستیش شرما

خوراک اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ستیش شرما نے سرحدی علاقوں کے لوگوں کی فلاح و بہبود، تیز رفتار بنیادی ڈھانچے کی ترقی، روزگار کے مواقع کی فراہمی اور شفاف طرزِ حکمرانی کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

وزیر موصو ف نے کل رائیل پیلس کھور میں ایک بڑے عوامی اِجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرحدی باشندوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

اُنہوں نے گولہ باری اور تنازعات سے متعلق واقعات سے متاثرہ کنبوں کو بروقت اور مناسب معاوضہ فراہم کرنے کے سرکار کے عزم کو دہرایا ۔ اِس موقعہ پر وزیر نے نئے تعینات آنگن واڑی ورکروں میں تقرری نامے بھی تقسیم کئے۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے سب ڈسٹرکٹ اسپتال کپواڑہ کا دورہ کر کے وہاں طبی خدمات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈاکٹروں اور عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو معیاری سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے سی ٹی سکین کی فوری فعالیت اور کریٹیکل کیئر بلاک کی بروقت تکمیل پر زور دیا۔

آکاشوانی

آکاشوانی آج اپنے قیام کے 90 سال پورا ہونے کی تقریب منا رہا ہے۔ آٹھ جون 1936 کو آج ہی کے دن انڈین براڈ کاسٹنگ سروس کا نام بدل کر آل انڈیا رکھا گیا تھا، یہ تاریخی دن ملک کی ثقافت، اطلاعات اور نشریاتی تاریخ میں ایک خصوصی لمحہ ہے، جہاں آزادی کے بعد آل انڈیا ریڈیو خدمات کو تیزی سے وسعت دی گئی اور 1956 میں اسے آکاشوانی کا نام دیا گیا۔

آج آکاشوانی 591 سٹیشنز آپریٹ کر رہا ہے، جو بھارت کی 98 فیصد آبادی تک پہنچ رہا ہے۔آکاشوانی 169 زبانوں میں مختلف پروگرام نشر کر رہا ہے۔ آکاشوانی کا External سروسز ڈویژن 100 سے زیادہ ملکوں میں اپنی نشریاتی خدمات فراہم کر رہا ہے اور عالمی سطح پر بھارت کی آواز کو پہنچا رہا ہے۔

NTA

یوجی 2026 کے دوبارہ امتحان کے Neet نے NTA امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی جاری کی ہے۔ یہ امتحان اس ماہ کی 21 تاریخ کو منعقد Slip لئے امتحان کے شہر سے متعلق سے متعلق معلومات Exam Centre کرایا جائے گا۔ رجسٹرڈ امیدوار آفیشل ویب سائٹ سے اپنے حاصل کر سکتے ہیں۔

NTA کی طرف سے جاری کیے گئے نوٹس کے مطابق یہ امتحان بھارت کے 551 شہروں میں اینڈ Pen اور ملک سے باہر 14 شہروں میں دن میں 2 بجے سے پانچ بج کر 15 منٹ تک

Paper
طریقہ

کار کے تحت کروایا جائے گا۔ ۓ

گیس

بھارت میں گھریلو صارفین کو جس قیمت پر رسوئی گیس مل رہی ہے وہ عالمی سطح پر سب سے کم قیمتوں میں شامل ہے۔

ایک بیان میں پٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کی وزارت نے حال ہی میں رسوئی گیس کی قیمت میں اضافے کے حوالے سے کہا کہ بھارت میں گیس سلینڈر کسی بھی پڑوسی ملک کے مقابلے اب بھی سستا ہے اور ساتھ ہی اس کی قیمت امریکہ، آسٹریلیا اور کنیڈا جیسی ترقی یافتہ معیشتوں میں ایل پی جی سلنڈر کی قیمت سے کہیں زیادہ کم ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****